فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کی سرگرمیوں کا عکاس جریدہ

# فیسکو نیوز

وزارت توانائی (پاور ڈویژن)
حکومت پاکستان

FESCO

ایڈیشن: جون 2024ء شمارہ نمبر: 166 جلد نمبر: 12 کل صفحات: 16

## فیسکو ریجن کے تمام فیڈرز اے کیٹگری میں شامل ہیں

## آٹھ اضلاع میں صارفین کو بجلی کی بلا تعطل فراہمی جاری ہے

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو





گرڈ سٹیشنوں پر نیپرا سیفٹی کوڈ کے مطابق عملدرآمد کرتے ہوئے تمام تر حفاظتی اقدامات کو یقینی بنایا جائے

آن لائن کچہریوں کے انعقاد سے صارفین کے بجلی سے متعلقہ مسائل میں کمی واقع ہو رہی ہے





# فیسکو نیوز

ایڈیشن: جون 2024ء شمارہ نمبر: 166 جلد نمبر: 12 کل صفحات: 16



منتظم اعلیٰ

**انجینئر محمد عامر**

چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو



مدیر اعلیٰ

**غلام مجتبیٰ خان**

ڈائریکٹر جنرل ایڈمن فیسکو



مدیر

**طاہر محمود شیخ**

ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل (پبلک ریلیشنز) فیسکو

## ایڈیٹوریل ٹیم



اویس دانش



ایوب احمد

**پبلشر** شعبہ تعلقات عامہ فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کینال روڈ فیصل آباد

**Toll Free: 080066554, Help Line: 118, +92419220282, www.fesco.com.pk**

**Please send your suggestions and Feedback:** fescopr@gmail.com

## عرض مدیر

وزارت توانائی (پاور ڈویژن) کی ہدایت پر چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر نے ملک میں جاری گرمی کی حالیہ شدید لہر کی وجہ سے صارفین کو بلا تعطل بجلی کی فراہمی کیلئے اقدامات کو یقینی بنانے کے احکامات جاری کر دیئے ہیں۔ صارفین کے مسائل کے فوری ازالہ کیلئے چھ آپریشن سرکلز فیصل آباد فرسٹ، سیکنڈ، جھنگ، سرگودھا، میانوالی اور ٹوبہ ٹیک سنگھ کے علاوہ شعبہ گرڈ سٹیشن آپریشن (جی ایس او) کو مختلف ہدایات پر مشتمل خصوصی مراسلہ جاری کر دیا گیا ہے۔ مراسلے میں تمام فیلڈ اور گرڈ افسران وسٹاف کو بجلی کی سپلائی کے تسلسل پر زور دیا گیا ہے اور ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ وہ مجاز اتھارٹی سے اجازت لئے بغیر اپنے متعلقہ اسٹیشن کو نہ چھوڑیں تا کہ کسی بھی مسئلہ یا ہنگامی صورت حال میں فوری ریسپانس کیا جا سکے۔ یہ اقدام آپریشنل تیاری اور پیدا ہونے والے کسی بھی مسئلے کے فوری حل کو یقینی بنانے کے لیے بہت ضروری ہے۔ مراسلے میں مزید کہا گیا ہے کہ فیلڈ افسران اور ملازمین صارفین کی طرف سے موصول ہونے والی تمام فون کالز کا بلا تاخیر جواب دیں اور ان کے مسائل کا فوری اور ترجیحی بنیادوں پر ازالہ کریں۔ مزید براں عملے کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ فیلڈ میں خرابیوں کی فوری شناخت اور حل کو یقینی بنائیں، ضروری مرمت کریں اور اسٹیک ہولڈرز کو باخبر رکھیں۔ یہ اقدامات صارفین کو بہتر خدمات بہم پہنچانے اور ان کے اطمینان کو برقرار رکھنے کے لیے بہت ضروری ہیں۔ تمام فیلڈ افسران کو ان ہدایات پر سختی سے عمل پیرا ہونے اور صارفین کے ہمہ قسم مسائل کو فوری حل کرنے کی تاکید کی گئی ہے۔ ہیٹ ویو کے پیش نظر تمام شٹ ڈاؤن بھی کینسل کر دی گئیں ہیں۔

## اس شمارے میں

04 وضو کے فوائد و سائنسی اثرات
06 چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر کا 132 کے وی اولڈ تھرمل پاور گرڈ سٹیشن کا دورہ، مختلف حصوں کا معائنہ کیا
08 چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر کا لوڈ مینجمنٹ کے حوالے سے فیسکو ہیڈ کوارٹرز میں منعقدہ ہنگامی پریس کانفرنس سے خطاب
10 چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر کا فیسکو ہیڈ کوارٹرز میں فیس بک پر منعقدہ ای کچہری کے موقع پر افسران و صارفین سے خطاب
11 ڈپٹی ڈائریکٹر سکیورٹی کاشف بشیر اور میجر (ر) مظفر قادر ملک کا ریٹائرڈ ہونیوالے سکیورٹی سٹاف کی الوداعی تقریب سے خطاب
12 عیدالاضحیٰ کی تعطیلات کے دوران ریجن بھر کے آٹھ اضلاع کے صارفین کو بلا تعطل بجلی کی فراہمی یقینی بنائی گئی
13 ایڈیشنل ڈائریکٹر سیفٹی فیسکو محمد امجد، ایکسئین چنیوٹ ڈویژن سید فہیم شاہ اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر سیفٹی عمار چٹھہ کا سیفٹی سیمینار سے خطاب
14 فیسکو نے 49 ویں واپڈا انٹر یونٹ کبڈی (ایشیئن سٹائل) چیمپئین شپ 2024ء جیت لی
14 فیسکو سٹاف نے ریجن میں شدید ترین طوفان اور بارش کے بعد ریکارڈ وقت میں متاثرہ علاقوں میں بجلی بحال کر دی
15 فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) موجودہ ہیٹ ویو کے پیش نظر صارفین کو بجلی کی بلا تعطل سپلائی یقینی بنانے کیلئے کوشاں ہے
14 فیسکو شعبہ کنسٹرکشن نے ریجن بھر میں 308.407 ملین سے زائد کی لاگت سے مختلف منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچایا
15 شوکاز نوٹسز برائے کارروائی

# وضو کے فوائد و سائنسی اثرات

قرآن کریم اللہ کا کلام برحق ہے۔ اللہ نے اس میں طہارت و پاکیزگی کیلئے غسل و وضو کی تاکید فرمائی ہے جس کے بغیر بندے کی کوئی بھی عبادت شرف قبولیت نہیں پاسکتی۔ طہارت کو نصف ایمان بھی کہا گیا ہے اللہ کریم قرآن کریم میں ارشاد فرماتا ہے۔ اے ایمان والو! جب تم اٹھو، صلوۃ ادا کرنے کیلئے تو دھولو اپنے چہرے اور بازوؤں، کہنیوں تک اور مسح کرو، اپنے سروں کو دھولو، اپنے پاؤں تک بدن پاک کرلو۔

اس آیت کریمہ سے معلوم ہوتا ہے کہ نماز کیلئے وضو شرط ہوتا ہے اس کے بغیر نماز ادا نہیں ہوتی، وضو میں چہرہ ہاتھ پیر اور سر کا مسح کرنا فرض ہے، مسواک کرنا، دانت صاف کرنا اور ناک صاف ویسے بھی سنت رسولؐ ہے۔ اس سلسلے میں ماہرین حیاتیات نے سائنسی حقائق پر پچھلے کئی برس میں کئی تحقیقات کیں جن سے معلوم ہوا کہ وضو انسان صحت پر مفید اثرات مرتب کرتا ہے اور اس سے نہ صرف انسان کو جسمانی صفائی حاصل ہوتی ہے بلکہ ذہنی آسودگی اور روحانی مسرت بھی حاصل ہوتی ہے۔

دور جدید میں جلد کیلئے بے پناہ مسائل بڑھتے جارہے ہیں۔ ایسے میں وضو قدرت کا بہترین نسخہ ہے جس کی بدولت ہمارا چہرہ صاف تر و تازہ اور خوبصورت رہتا ہے اور جلدی بیماریاں وضو کرنے سے ختم ہوجاتی ہیں۔ وضو کے بے شمار فوائد اثرات ہیں۔ سائنسی اعتبار سے وضو انسان کے اندرونی نظام پر بھی خوش کن اثرات مرتب کرتا ہے۔ متعدی بیماریوں سے محفوظ رہنے کیلئے وضو کرنا بہت مفید ہے وضو سے طہارت و پاکیزگی حاصل ہوتی ہے اس دل دماغ تو کیا روح بھی مطمئن ہوجاتی ہے۔

پہلا اصول وضو: دل کا وہ کام ہے جس سے خون کو فلیاتی ریشوں کے ایک ایک خلیہ تک پہنچایا جاتا ہے۔ دوسرا اصول: جس میں استعمال شدہ خون کو دل تک واپس پہنچایا جاتا ہے اگر یہ دوران خون درہم برہم ہوجائے تو خون کا دباؤ بڑھ جاتا ہے خون کے اس دباؤ بڑھنے سے بے چینی، ڈپریشن، اور بڑھاپے جیسے عمل تیزی سے آتے ہیں ہماری روزمرہ زندگی میں پانی کی بہت اہمیت ہے جو خون کی نالیوں کو پھیلنے اور سکڑنے کے عمل کے ذریعے سے ورزش مہیا کرتا ہے۔ ان سائنسی حقائق سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ وضو میں جب ہم روزانہ پانچ وقت باقاعدگی سے پانچ ہی مرتبہ اپنے ہاتھ، پاؤں، منہ دھوتے ہیں جب پاؤں کی انگلیوں کے درمیان پانی جاتا ہے تو وہ انسان دماغ میں کو موجود بالکل باریک رگوں کو متحرک کردیتا ہے۔ اسی طرح اپنے سر اور گردن کا مسح کرنے سے بھی ہم بہت سی بیماریوں مثلاً سر درد، آدھے سر کے درد وغیرہ سے بھی محفوظ ہوجاتے ہیں۔

اللہ کے محبوب کریمؐ سے کسی نے عرض کیا کہ یارسول اللہؐ روز محشر ہم بے پناہ انسانوں کے ہجوم میں کس طرح پہچانے جائیں گے کہ یہ آپؐ کے امتی ہیں تو کریم آقاؐ نے فرمایا کہ ان کے وضو کے اثرات سے سفید نورانی ان کے چہرے اور ان کے سفید نورانی ہاتھ اور پاؤں پہچانے جائیں گے۔ اعضاء وضو روز محشر چمکیں گے یعنی وضو کرنے والے مسلمان نہ صرف اس دنیا میں خوبصورت، ہشاش بشاش ہوں گے بلکہ قیامت کے دن بھی ان کے چہرے خوبصورت اور ہشاش بشاش اور چمکتے ہوں گے اور یہی مومن کی پہچان ہوگی بلکہ میرے وہ جھرمٹ میں ہوں گے۔ حدیث پاک ہے۔ جس وقت مومن وضو شروع کرتا ہے پھر کلی کرتا ہے پھر ناک جھڑاتا ہے اس کے منہ اور ناک کے گناہ ڈھل جاتے ہیں۔ اس طرح چہرہ، کہنیاں اور پاؤں دھونے سے بھی یہ پاک وصاف ہوجاتا ہے، وضو سے انسان کو جو روحانی اور جسمانی فوائد ثمرات نصیب ہوتے ہیں ان کا کوئی نعم البدل نہیں ہے۔

آج کی سائنس نے یہ ثابت کردیا ہے کہ اللہ کریم نے صدیوں قبل اپنے بندوں کو اپنی عبادت سے پہلے جس سنت رسولؐ وضو کو فرض قرار دیا تھا، اس کے بے شمار فوائد ہیں۔ مسلمانوں میں غیر مسلموں کی نسبت کم بیماریاں پائی جاتی ہیں کیونکہ مسلمان اپنی طہارت و پاکیزگی سے اس کو دور کردیتا ہے۔ ہمیں چاہئے کہ ہم پانچ وقت پابندی واستقامت سے وضو نماز کو ادا کرنے کا عہد کریں۔

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

# نیپرا سیفٹی کوڈ کے مطابق گرڈز پر تمام تر حفاظتی اقدامات کو یقینی بنایا جائے

## فیسکو کے قیمتی اثاثہ جات اور ملازمین کی جان کی حفاظت کے ساتھ ساتھ ماحولیاتی آلودگی پر قابو پانے میں بھی مدد ملے گی

## گرڈ سٹیشنز پر جدید آلات سے مزین جدید مشینری نصب کی گئی ہے تا کہ صارفین کو بلا تعطل بجلی کی سپلائی کو یقینی بنایا جا سکے

## چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر کا 132 کے وی اولڈ تھرمل پاور گرڈ سٹیشن کا دورہ، گرڈ سٹیشن کے مختلف حصوں کا جائزہ لیا

گرڈ سٹیشنوں پر نیپرا سیفٹی کوڈ کے مطابق عملدرآمد کرتے ہوئے تمام تر حفاظتی اقدامات کو یقینی بنایا جائے تا کہ ملازمین کی جان کی حفاظت کیساتھ فیسکو کی املاک اور ماحولیاتی اثرات پر قابو پانے میں مدد ملے اس سلسلہ میں کسی بھی قسم کی کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی یہ باتیں چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر نے 132 کے وی اولڈ تھرمل پاور گرڈ سٹیشن کے دورہ کے موقع پر کہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ نیپرا سیفٹی کوڈ کی مکمل تعمیل کی جائے تا کہ فیسکو کے قیمتی اثاثہ جات اور ملازمین کی جان کی حفاظت کے ساتھ ساتھ ماحولیاتی آلودگی پر قابو پانے میں بھی مدد ملے۔ انہوں نے گرڈ سٹیشن کے مختلف حصوں کا معائنہ کیا اور ڈیوٹی پر موجود عملہ سے تکنیکی نوعیت کے مختلف سوالات بھی کیے۔ اس موقع پر انہوں نے گرڈ سٹیشن پر نصب قیمتی آلات، پاور ٹرانسفارمرز، ہائی ٹرانسمیشن لائن، سینڈ بکٹس، پینل کے لاگ آؤٹ، ٹیگ آؤٹ پینل کے فرنٹ اور بیک پر نام، سیفٹی رجسٹر، بیٹری رجسٹر کو چیک کیا اور دیگر تنصیبات کی حفاظت کو یقینی بنانے اور انہیں سیفٹی اصول وقواعد کے مطابق کام کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے خصوصی طور پر گرڈ پر موجود آگ بجھانے والے آلات کا معائنہ کیا اور انھیں تسلی بخش قرار دیا جبکہ انہیں ہر وقت آپریشنل حالت میں رکھنے کے احکامات بھی دیئے تا کہ گرڈ پر کسی قسم کی ناگہانی صورتحال میں انہیں فوری استعمال میں لایا جا سکے۔ انھوں نے کہا کہ فیسکو کے گرڈ اسٹیشنز پر بہترین آلات سے مزئین مشینری کی تنصیب کی گئی ہے تا کہ گرڈ سٹیشنوں پر صارفین کو باتعطل بجلی کی سپلائی کو یقینی بنایا جا سکے۔ ریذیڈنٹ انجنیئر منیبہ نسیم نے چیف ایگزیکٹو انجنیئر محمد عامر کو گرڈ سٹیشن پر نصب پاور ٹرانسفارمرز، ہائی ٹرانسمیشن لائن اور مختلف فیڈرز کے بارے میں بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر ہیلتھ سیفٹی انوائرمنٹ اینڈ کوالٹی ایشورنس زبدۃ الضیاء، ایڈیشنل ڈائریکٹر سیفٹی محمد امجد، ایکسئین ایس ایس اینڈ ٹی ون اعجاز اللہ خان، اسسٹنٹ ڈائریکٹر سیفٹی عمار افضل چٹھہ کے علاوہ سیفٹی انسپکٹر اسرار الحق اور امجد علی بھی موجود تھے۔




چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر، ڈائریکٹر ہیلتھ سیفٹی زبدۃ الضیاء اور دیگر 132 کے وی او ٹی پی گرڈ سٹیشن کے دورہ کے موقع پر گرڈ کے مختلف حصوں کا معائنہ کر رہے ہیں

# فیسکو ریجن کے تمام 1306 فیڈرز اے کیٹگری میں شامل ہیں

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

**ریجن کے چھ آپریشن سرکلز فیصل آباد فرسٹ، سیکنڈ، جھنگ، سرگودھا، میانوالی اور ٹوبہ ٹیک سنگھ میں کہیں بھی لوڈ مینجمنٹ نہیں کی جا رہی**

**صارفین کی انفرادی شکایات کا بھی فوری ازالہ کیا جا رہا ہے جس کیلئے فیسکو ٹیمیں ہمہ وقت فیلڈ میں متحرک ہیں**

**سخت گرمی کے موسم میں فیسکو انتظامیہ صارفین کو بلاتعطل بجلی کی فراہمی کیلئے کوشاں ہے**

**چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر، جی ایم آپریشن محمد رفیق اور چیف انجینئر آپریشن محمد سعید کا فیسکو ہیڈکوارٹرز میں ہنگامی پریس کانفرنس سے خطاب**



چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر، جی ایم آپریشن محمد رفیق اور چیف انجینئر آپریشن محمد سعید فیسکو ہیڈکوارٹرز میں منعقدہ ہنگامی پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر نے کہا ہے کہ وزارت توانائی نے فیسکو ریجن کے آٹھ اضلاع کے تمام 1306 فیڈرز کو اے کیٹگری میں شامل کیا ہے اور ان کو لوڈ مینجمنٹ فری قرار دیا ہے۔ اے کیٹگری میں شامل کسی فیڈر پر لوڈ مینجمنٹ نہیں کی جاتی۔ یہ باتیں انھوں نے فیسکو ہیڈکوارٹرز میں منعقدہ ایک ہنگامی پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ وزارت توانائی نے فیسکو کے لائن لاسز کم ہونے کے فیسکو کے فیڈرز کو اے کیٹگری میں رکھا ہے جو فیسکو کے لئے اعزاز ہے۔ انھوں نے بتایا کہ فیسکو ریجن میں بجلی کی طلب تقریباً 2293 میگاواٹ ہے جبکہ فیسکو کو 2300 میگاواٹ کی سپلائی مل رہی ہے۔ جس کی وجہ سے ریجن کے چھ آپریشن سرکلز فیصل آباد فرسٹ، سیکنڈ، جھنگ، سرگودھا، میانوالی اور ٹوبہ ٹیک سنگھ میں کہیں بھی لوڈ مینجمنٹ نہیں کی جا رہی۔ روزانہ کی بنیاد پر تقریباً چار سے چھ فیڈرز پر تکنیکی وجوہات کی بناء پر بجلی کی سپلائی ایک سے تین گھنٹے تک متاثر ہوتی ہے جبکہ فالٹ کلیئرنس کے بعد ان فیڈرز سے بجلی کی فراہمی بحال کر دی جاتی ہے۔ اس موقع پر انھوں نے میڈیا نمائندگان کو بتایا کہ صارفین کی انفرادی شکایات کا بھی فوری ازالہ کیا جا رہا ہے جس کیلئے فیسکو ٹیمیں ہمہ وقت فیلڈ میں متحرک ہیں۔ انھوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ اس سخت گرمی کے موسم میں فیسکو انتظامیہ صارفین کو بلاتعطل بجلی کی فراہمی کیلئے کوشاں ہے۔

## قارئین فیسکو نیوز کی خصوصی توجہ کیلئے

تمام فیسکو افسران اور ملازمین کے لئے ''فیسکو نیوز'' کے صفحات حاضر ہیں، وہ اپنی تجاویز، آراء، مضامین اور اپنے اپنے شعبوں میں ہونے والی مختلف سرگرمیوں پر مبنی تحریریں، تصاویر ہمیں بھجوا سکتے ہیں، انہیں شکریہ کے ساتھ شامل اشاعت کیا جائے گا، اپنی تحریریں ہر ماہ کی 25 تاریخ تک ہمیں درج ذیل پتہ پر بذریعہ ڈاک، ای میل اور واٹس ایپ کے ذریعے بھجوائیں

ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز فیسکو ہیڈکوارٹرز کینال روڈ فیصل آباد

Ph: 0419220282, Whatsapp: 0345-1500680, Email: fescopr@gmail.com

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

# صارفین کی اوور بلنگ کی شکایات کے خاتمے اور انھیں درست اور بروقت بلنگ کو یقینی بنایا جارہا ہے

**پرو ریٹا (Pro-Rata) بلنگ سافٹ ویئر کے استعمال سے صارفین بجلی کو 30 دنوں کی بلنگ ممکن ہوئی ہے**

**صارفین کو بلاتعطل بجلی کی فراہمی، بہتر کسٹمر سروسز بالخصوص بجلی کی کھپت کے لحاظ سے درست بلنگ کو یقینی بنایا جارہا ہے**

**آن لائن کچہریوں کے انعقاد سے صارفین کے مسائل میں کمی واقع ہو رہی ہے اور فیسکو پر ان کے اعتماد میں اضافہ ہو رہا ہے**

**چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنئیر محمد عامر کا فیسکو ہیڈکوارٹرز میں فیس بک پر منعقدہ ای کچہری کے موقع پر افسران و صارفین سے خطاب**


چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنئیر محمد عامر فیسکو ہیڈکوارٹرز میں منعقدہ ای کچہری کے موقع پر صارفین کی شکایات سن رہے ہیں

پرو ریٹا (Pro-Rata) بلنگ سافٹ ویئر کے استعمال سے صارفین بجلی کو 30 دنوں کی بلنگ ممکن ہوئی ہے جس سے ان کی اوور بلنگ کی شکایات کے خاتمے کے ساتھ ساتھ انھیں درست اور بروقت بلنگ کو یقینی بنانے میں مدد ملی ہے۔ یہ باتیں چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنئیر محمد عامر نے وزارت توانائی (پاور ڈویژن) کی خصوصی ہدایت پر فیسکو ریجن میں صارفین کے بجلی سے متعلقہ مسائل کے فوری ازالہ کیلئے فیسکو ہیڈکوارٹرز میں فیس بک پر منعقدہ ای کچہری کے موقع پر کہیں۔ کچہری میں فیصل آباد، جھنگ، چنیوٹ، سرگودھا، میانوالی، بھکر، ٹوبہ ٹیک سنگھ اور خوشاب کے اضلاع کے صارفین نے اپنے مسائل سے آگاہ کیا۔ انھوں نے مزید کہا کہ ماضی میں صارفین کی طرف سے زائد دنوں کی ریڈنگ کا احتمال بھی ظاہر کیا جاتا تھا مگر اب پرو ریٹا سافٹ ویئر کے نافذ کے بعد مختلف بیجز میں 30 دنوں کے حساب سے بلوں کا اجراء کیا جارہا ہے جس سے ہر قسم کی زائد اور غلط ریڈنگ کا خاتمہ ہو گیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ صارفین کو بلاتعطل بجلی کی فراہمی، بہتر کسٹمر سروسز بالخصوص بجلی کی کھپت کے لحاظ سے درست بلنگ کو یقینی بنایا جارہا ہے۔ چیف ایگزیکٹو محمد عامر نے مزید کہا کہ شدید گرم موسم کے باوجود فیسکو ریجن میں صارفین کو بلاتعطل بجلی کی فراہمی کو یقینی بنایا جارہا ہے اور صارفین کی انفرادی شکایات کا فوری ازالہ کیا جارہا ہے۔ فیسکو کو بجلی کی طلب کے مطابق رسد مل رہی ہے جس کی وجہ سے فیسکو ریجن میں کہیں بھی لوڈ مینجمنٹ نہیں ہو رہی۔ انہوں نے کہا کہ آن لائن کچہریوں کے انعقاد سے نہ صرف صارفین کے مسائل میں کمی واقع ہو رہی ہے بلکہ صارفین فیسکو افسران کو براہ راست اپنے مسائل سے آگاہ کرتے ہیں جس سے فیسکو انتظامیہ کو اپنی سروسز کو مزید بہتر بنانے میں مدد ملتی ہے۔ انھوں نے فیسکو افسران اور ملازمین پر زور دیا کہ وہ صارف دوست رویہ اختیار کریں اور صارفین بجلی کی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کریں ان کی شکایات کے ازالے میں کسی بھی قسم کی کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ آن لائن کچہری کے دوران چیف ایگزیکٹو نے آن لائن صارفین بجلی کے مسائل سنے اور ان کی مختلف شکایات پر میٹر تبدیل کرنے، ایل ٹی پروپوزلز کی تیاری، پرانے ٹرانسفارمروں کی تبدیلی، بجلی کی تاروں کی تبدیلی و مرمت اور وولٹیج کی کمی بیشی کو دور کرنے کے احکامات صادر کئے۔ اس موقع چیف انجنئیر (آپریشن) محمد سعید، چیف انجینئر کسٹمر سروسز اصغر حسین قزلباش، ایڈیشنل ڈی جی (پی آر) طاہر شیخ، ڈی جی (آئی ٹی) عبدالحئی، ڈپٹی ڈائریکٹر 118 علی عمران اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔

# مدت ملازمت باعزت طریقے سے مکمل کر کے ریٹائرمنٹ خدا کی طرف سے تحفہ ہے

ڈپٹی ڈائریکٹر سکیورٹی
کاشف بشیر

## ایک سرکاری ملازم اپنی زندگی کا طویل اور قیمتی حصہ اپنے محکمہ اور صارفین کی خدمت میں گزار دیتا ہے

## دوران سروس ملازمین اور صارفین دونوں سے ان کا برتاؤ مثالی رہا ہے ان کی خدمات ایک طویل عرصہ تک یاد رکھی جائیں گی

ڈپٹی ڈائریکٹر سکیورٹی کاشف بشیر اور میجر (ر) مظفر قادر ملک کا ریٹائرڈ ہونیوالے سکیورٹی سارجنٹ ریاض خان اور محمد اسلم سکیورٹی گارڈ کی الوداعی تقریب سے خطاب



اپنی مدت ملازمت باعزت طریقے سے مکمل کر کے ریٹائرمنٹ خدا کی طرف سے ایک نعمت سے کم نہیں ہے۔ایک سرکاری ملازم اپنی زندگی کا طویل اور قیمتی حصہ اپنے محکمہ اور صارفین کی خدمت میں گزار دیتا ہے ان خیالات کا اظہار ڈپٹی ڈائریکٹر سکیورٹی فیسکو کاشف بشیر اور میجر (ر) مظفر قادر ملک نے فیسکو سے ریٹائرڈ ہونیوالے سکیورٹی سارجنٹ ریاض خان اور محمد اسلم سکیورٹی گارڈ کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر منعقدہ الوداعی تقریب کے موقع پر کیا۔انہوں نے مزید کہا کہ ریٹائرڈ ہونیوالے ملازمین نے فیسکو میں طویل عرصہ اپنی خدمات سرانجام دیں اور اپنی ڈیوٹی کو پوری ایمانداری اور محنت سے انجام دیا جس کیلئے ہم انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔دوران سروس ملازمین اور صارفین دونوں سے ان کا برتاؤ مثالی رہا ہے ان کی خدمات ایک طویل عرصہ تک یاد رکھی جائیں گی۔انھوں نے مزید کہا کہ ریٹائرڈ ہونے والے ملازمین نے ہمیشہ نرم رویہ اپنائے رکھا اور ماحول کو ہمیشہ خوشگوار رکھتے ہوئے کام کو بہترین طریقے سے انجام دیا۔اس موقع پر ایڈمن انسپکٹر سکیورٹی محمد یوسف، سکیورٹی انسپکٹر عبدالغفار، سکیورٹی سارجنٹ اور سکیورٹی گارڈز کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔تقریب کے آخر میں ڈپٹی ڈائریکٹر سکیورٹی فیسکو کاشف بشیر اور میجر (ر) مظفر قادر ملک نے سکیورٹی سٹاف کی جانب سے ریٹائرڈ ہونے والے ملازمین کو یادگاری شیلڈ، تحائف اور پھولوں کے گلدستے دیئے۔



سکیورٹی سارجنٹ ریاض خان اور سکیورٹی گارڈ محمد اسلم کی الوداعی تقریب کے موقع پر سکیورٹی سٹاف کا ڈپٹی ڈائریکٹر سکیورٹی فیسکو کاشف بشیر اور میجر (ر) مظفر قادر ملک کے ہمراہ گروپ فوٹو

## عیدالاضحیٰ کی تعطیلات کے دوران ریجن بھر کے آٹھ اضلاع کے صارفین کو بلاتعطل بجلی کی فراہمی یقینی بنائی گئی

## چیف ایگزیکٹوفیسکو انجینئر محمد عامر فیسکو ہیڈکوارٹرز میں قائم سپیشل سیل میں موجود رہے اور بجلی ترسیل کی مانیٹرنگ کی

## مختلف علاقوں میں آندھی اور ایمرجنسی آنیوالے فالٹس کو فوری کلیئر کر کے صارفین کے انفرادی مسائل کا بھی ازالہ کیا گیا

## عید تعطیلات کے دوران فیسکو ریجن بھر کے سٹور کھلے رہے جبکہ افسران اور سٹاف عید کی تعطیلات کے دوران اپنے سٹیشنز پر الرٹ رہے

## چیف ایگزیکٹوفیسکو انجینئر محمد عامر نے عید کی چھٹیوں کے دوران ڈیوٹیاں سرانجام دینے والے افسران وسٹاف کی کاوشوں کو سراہا اور شاباش دی

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) نے عیدالاضحیٰ کی تعطیلات کے دوران ریجن بھر کے آٹھ اضلاع کے صارفین کو بلاتعطل بجلی کی فراہمی یقینی بنائی۔ چیف ایگزیکٹوفیسکو انجینئر محمد عامر فیسکو ہیڈکوارٹرز میں قائم سپیشل سیل میں موجود رہے اور تمام امور کی نگرانی کی جبکہ چھ آپریشن سرکلز میں قائم شکایات سنٹرز پر موجود عملہ بھی 24 گھنٹے آن کال رہا اور کسی بھی جگہ ٹرپنگ/ فالٹ آنے یا کسی بھی ایمرجنسی صورت حال میں فوری رسپانس کرتے ہوئے صارفین کے انفرادی مسائل کا فوری ازالہ کیا گیا۔ مختلف علاقوں میں آندھی اور ایمرجنسی آنیوالے فالٹس کو فوری کلیئر کرنے کیلئے فیسکو چیف محمد عامر کی ہدایت پر آپریشن سٹاف کے ہمراہ شعبہ کنسٹرکشن، جی ایس او اور جی ایس سی کے سٹاف کی ڈیوٹیاں لگائی گئیں جو گاڑیوں، کرینوں





ایس ای فرسٹ سرکل فیسکو امیر خان اور ایس ای سیکنڈ سرکل سلیم شاہ عیدالاضحیٰ کے موقع پر کنٹرول سنٹر میں بجلی کی ترسیل کی مانیٹرنگ کر رہے ہیں، دوسری طرف فیسکو لائن سٹاف فیلڈ میں صارفین کی شکایات کے ازالے میں مصروف عمل ہے

سمیت فیلڈ سٹاف کی معاونت کرتے رہے اور صارفین کے بجلی سے متعلقہ مسائل کا جلد از جلد ازالہ ممکن بنایا۔ فیسکو چیف کی ہدایت پر ٹرانسفارمر خرابی کی صورت میں فوری تبدیلی کیلئے آپریشن سٹاف کو اضافی ٹرانسفارمرز اور دیگر سامان مہیا کیا گیا تھا۔ ریجن بھر کے سٹور کھلے رہے جبکہ افسران اور سٹاف عید کی تعطیلات کے دوران اپنے سٹیشنز پر الرٹ رہے۔ عید تعطیلات میں ریجن بھر میں بجلی کی طلب 2400 سے 2500 میگاواٹ رہی اور رسد اس سے زیادہ تھی لہٰذا صارفین کو بلاتعطل بجلی فراہم کی گئی۔ عید کے موقع پر صارفین کو اپنی شکایات کے اندراج اور ازالے کیلئے فیسکو کے قائم کردہ ہنگامی مراکز اور اعلیٰ انتظامی افسران کے رابطہ نمبرز تک رسائی فراہم کی گئی تھی جس پر فوری ایکشن لیتے ہوئے ان کے مسائل کو حل کیا گیا۔ عید کے موقع پر شہری علاقوں کے علاوہ دور دراز کے دیہی علاقوں کو بھی بجلی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنایا گیا تاکہ وہ بھی اس مقدس تہوار کی خوشیوں سے لطف اندوز ہو سکیں۔ چیف ایگزیکٹوفیسکو انجینئر محمد عامر نے عید کی چھٹیوں کے دوران ڈیوٹیاں سرانجام دینے والے افسران وسٹاف کو شاباش دی ہے اور بجلی کی روانی کو بحال رکھنے میں ان کی کاوشوں کو سراہا ہے۔

SAFETY FIRST

# لائن سٹاف سیفٹی فرسٹ کے اصول کو مدنظر رکھتے ہوئے کام کریں

ایڈیشنل ڈائریکٹر سیفٹی
انجینئر محمد امجد

**بجلی کا تسلسل قائم رکھنا اگر چہ ہماری پیشہ ورانہ ذمہ داری ہے مگر انسانی جان کی حفاظت ہمارا دینی فریضہ اور خاندان کی ضرورت ہے**

**فیسکو انتظامیہ ہر سال خطیر رقم سے لائن سٹاف کیلئے حفاظتی ٹی اینڈ پی، یونیفارم، دستانے اور دیگر آلات کی خریداری کرتی ہے**

## ہمیشہ کام کے دوران مکمل اور معیاری ٹی اینڈ پی کا استعمال لازمی کریں

ایکسین چنیوٹ ڈویژن سید فہیم شاہ

**کبھی بھی حد سے زیادہ خود اعتمادی اور غیر ذمہ داری کا مظاہرہ نہ کریں اور اپنی جان کی حفاظت کو یقینی بناتے ہوئے کام کریں**

**ایڈیشنل ڈائریکٹر سیفٹی فیسکو محمد امجد، ایکسین چنیوٹ ڈویژن سید فہیم شاہ اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر سیفٹی عمار چٹھہ کا سیفٹی سیمینار سے خطاب**

سیفٹی قواعد وضوابط پر عمل پیرا ہو کر ہم اپنی اور عوام الناس کی جان ومال کی حفاظت کو یقینی بنا سکتے ہیں۔ لائن سٹاف کو سیفٹی فرسٹ کے اصول کو مدنظر رکھتے ہوئے کام کا آغاز کرنا چاہیئے تاکہ فیسکو ریجن میں حادثات کی شرح کو مزید کم کیا جا سکے۔ یہ باتیں ایڈیشنل ڈائریکٹر سیفٹی فیسکو محمد امجد نے چنیوٹ اور لالیاں ڈویژن میں منعقدہ سیفٹی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی ہدایت پر فیسکو انتظامیہ ہر سال خطیر رقم سے لائن سٹاف کیلئے حفاظتی ٹی اینڈ پی، یونیفارم، دستانے اور دیگر آلات کی خریداری کرتی ہے۔ بجلی کا تسلسل قائم رکھنا اگر چہ ہماری پیشہ ورانہ ذمہ داری ہے مگر انسانی جان کی حفاظت ہمارا دینی فریضہ اور خاندان کی ضرورت ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ کوئی بھی عملی یا ہنگامی صورت حال کبھی کسی کی زندگی کو خطرے میں ڈالنے کا جواز پیش نہیں کر سکتی لہذا لائن سٹاف کبھی بھی فیسکو اتھارٹی کی طرف سے جاری کردہ سیفٹی اصولوں کے بغیر کام نہ کریں۔ ایکسین چنیوٹ ڈویژن سید فہیم شاہ اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر سیفٹی عمار چٹھہ نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہمیشہ لائنوں پر کام کے دوران مکمل اور معیاری ٹی اینڈ پی کا استعمال لازمی کریں اور حفاظتی آلات اور اقدامات کے بغیر کام ہر گز نہ کریں کیونکہ لائن سٹاف فیسکو کا قیمتی ترین اثاثہ ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ دوران کام مختلف حادثات میں کئی کارکن اپنی جان گنوا بیٹھے ہیں یا عمر بھر کیلئے معذوری ان کا مقدر بن جاتی ہے۔ یہ حادثات نہ صرف فیسکو کیلئے نقصان دہ ثابت ہوتے ہیں بلکہ ان کے اہل خانہ کیلئے بھی قیامت سے کم نہیں اس لئے کبھی بھی حد سے زیادہ خود اعتمادی اور غیر ذمہ داری کا مظاہرہ نہ کریں اور اپنی جان کی حفاظت کو یقینی بناتے ہوئے کام کو سرانجام دیں۔ کام شروع کرنے سے پہلے مکمل منصوبہ بندی کر لیں اور خاص طور پر اپنی ٹی اینڈ پی کے معیاری اور ٹھیک ہونے کی تسلی کر لیں۔ سیمینار کے اختتام پر ٹی اینڈ پی پریڈ بھی منعقد ہوئی اور سٹاف کے حفاظتی آلات اور ٹی اینڈ پی کی چیکنگ کی گئی۔ سیفٹی سیمینار میں چنیوٹ ڈویژن کی چنیوٹ ون، ٹو، تھری، بخاریاں اور بھوآنہ سب ڈویژن جبکہ لالیاں ڈویژن کی سٹی، رورل اور چناب نگر سب ڈویژن کے ایس ڈی اوز، لائن سپرنٹنڈنٹ اور سٹاف کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔




ایڈیشنل ڈائریکٹر سیفٹی محمد امجد، ایکسین چنیوٹ ڈویژن سید فہیم شاہ اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر سیفٹی عمار چٹھہ فیسکو چنیوٹ ڈویژن میں منعقدہ سیفٹی سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

# فیسکو نے 49ویں واپڈا انٹر یونٹ کبڈی (ایشیئن سٹائل) چیمپئین شپ 2024ء جیت لی

## لیگ کی بنیاد پر کھیلے گئے مقابلوں میں واپڈا اور ڈسٹری بیوشن کمپنیوں کی کبڈی ٹیموں نے حصہ لیا

## کبڈی ٹیم کی جیت میں ٹیم انتظامیہ، کوچ اور کھلاڑیوں کی انتھک محنت شامل ہے

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

## فیسکو کی دیگر ٹیمیں بھی اسی جذبے کے تحت بہترین کھیل کا مظاہرہ کر کے فیسکو اور ملک کا نام روشن کریں گی




سالانہ 49ویں واپڈا انٹر یونٹ کبڈی ایشین سٹائل میں فرسٹ پوزیشن حاصل کرنے والی فیسکو کبڈی ٹیم کا سیکرٹری واپڈا فخر الزمان چیمہ، چیف ایگزیکٹو لیسکو انجینئر شاہد حیدر، منیجر فیسکو کبڈی ٹیم شکیل حیدر لک، سپورٹس منیجر فیسکو ساجد محمود اور دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) نے سالانہ 49ویں واپڈا انٹر یونٹ کبڈی (ایشیئن سٹائل) چیمپئین شپ 2024ء جیت کر گولڈ میڈل اپنے نام کر لیا۔ کبڈی کے یہ مقابلے واپڈا سپورٹس بورڈ کے زیر اہتمام 17 تا 20 اپریل تک واپڈا سپورٹس کمپلیکس لاہور میں منعقد ہوئے جس میں واپڈا اور پاکستان بھر کی ڈسٹری بیوشن کمپنیوں کی کبڈی ٹیموں نے حصہ لیا۔ اس ایونٹ میں میچ لیگ کی بنیاد پر کھیلے گئے۔ فائنل مقابلے میں فیسکو نے پہلی پوزیشن حاصل کر لی جبکہ لیسکو (لاہور) کی ٹیم نے سیکنڈ اور گیپکو (گوجرانوالا) تیسری کی ٹیم نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر نے فیسکو ٹیم کو گولڈ میڈل جیتنے پر مبارکباد پیش کی ہے اور کہا ہے کہ کبڈی ٹیم کی اس جیت میں یقیناً ٹیم انتظامیہ، کوچ اور کھلاڑیوں کی انتھک محنت شامل ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی ہے کہ فیسکو کی دیگر کھیلوں کی ٹیمیں بھی اسی طرح جیت کے جذبے اور لگن کے ساتھ بہترین کھیل کا مظاہرہ کر کے فیسکو اور ملک کا نام روشن کریں گی۔ اختتامی تقریب میں مہمان خصوصی سیکرٹری/جی ایم واپڈا فخر الزمان چیمہ نے فیسکو کی کبڈی ٹیم کو ٹرافی دی۔ اس موقع پر جی ایم واپڈا سپورٹس بورڈ میاں امداد اللہ میمن، سیکرٹری سپورٹس بورڈ ملک عمیر اسلم، چیف ایگزیکٹو لیسکو انجینئر شاہد حیدر، منیجر فیسکو کبڈی ٹیم شکیل حیدر لک، اسسٹنٹ منیجر عدنان افضل، سپورٹس منیجر فیسکو ساجد محمود اور دیگر بھی موجود تھے۔




**FESCO News Online**

فیسکو نیوز کی سوفٹ کاپی فیسکو کی ویب سائیٹ www.fesco.com.pk پر بھی پوسٹ کی گئی ہے۔ قارئین اس سے استفادہ حاصل کرنے کیلئے ویب سائیٹ کا وزٹ کریں۔

For feedback
0419220282
fescopr@gmail.com

شعبہ تعلقات عامہ
فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کینال روڈ، عبداللہ پور فیصل آباد

# فیسکو ریجن کے مختلف علاقوں میں شدید بارش اور طوفان بادوباراں

## چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر کی خصوصی ہدایات پر آپریشن، کنسٹرکشن اور گرڈ سٹاف نے بجلی بحالی کا کام شروع کر دیا

**طوفان سے متاثرہ مختلف علاقوں میں کھمبوں اور تاروں کی تنصیب اور ٹوٹے / اکھڑے ہوئے پولز کو ہنگامی بنیادوں پر تبدیل کیا گیا**

**سسٹم بحالی کی کاروائیوں کی براہ راست نگرانی چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر نے کنٹرول روم سے کی اور افسران وسٹاف کو ہدایات جاری کیں**

**صارفین کی انفرادی شکایات کے فوری ازالے کیلئے فیلڈ سٹاف متاثرہ علاقوں میں متحرک رہا اور جلد از جلد تمام صارفین کے مسائل کا خاتمہ کیا گیا**

فیسکو ریجن کے مختلف علاقوں میں شدید طوفان بادوباراں اور بارش کے باعث بڑے پیمانے پر ڈسٹری بیوشن سسٹم کو نقصان پہنچا، درجنوں ہائی ٹینشن اور لو ٹینشن پولز ٹوٹ گئے۔ جھنگ، سرگودھا، خوشاب، فیصل آباد، چنیوٹ اور میانوالی کے علاقوں میں آندھی اور بارش کی شدت کے باعث بریک ڈاؤن اور بجلی کی تاروں پر درخت، بل بورڈ اور فلیکس بورڈ گرنے کے واقعات رونما ہوئے اور ٹرپنگ کی وجہ سے سو سے زائد فیڈرز پر بجلی کی فراہمی متاثر ہوئی۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر کی خصوصی ہدایات پر آپریشن، کنسٹرکشن اور گرڈ سٹاف نے طوفان بادوباراں رکتے ہی بجلی بحالی کا کام شروع کر دیا اور بارش سے متاثرہ فیڈرز کا لوڈ متبادل فیڈرز پر شفٹ کر کے ان کی بجلی بحال کر دی گئی اور رات گئے تک سسٹم بحال ہو گیا۔ سرکلز اور ریجنل سٹورز سے پولز، تاریں، کراس آرمز اور دیگر سامان، بھاری مشینری کے ہمراہ سائیٹ پر پہنچا اور کام شروع کر دیا گیا۔ طوفان سے متاثرہ مختلف علاقوں میں کھمبوں اور تاروں کی تنصیب اور ٹوٹے / اکھڑے ہوئے پولز کو ہنگامی بنیادوں پر تبدیل کیا گیا۔ سسٹم بحالی کی کاروائیوں کی براہ راست نگرانی چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر کنٹرول روم سے کرتے رہے اور افسران وسٹاف کو ہدایات جاری کیں۔ چیف انجنیئر آپریشن محمد سعید اور فیسکو کے چھ آپریشن سرکلز کے ایس ایز بھی الرٹ رہے اور عملہ کو حفاظتی اقدامات کو مدنظر رکھتے ہوئے کام کرنے کی ہدایات جاری کیں۔ صارفین کی انفرادی شکایات کے فوری ازالے کیلئے بھی فیسکو فیلڈ سٹاف متاثرہ علاقوں میں متحرک رہا اور جلد از جلد تمام صارفین کے مسائل کا خاتمہ کیا گیا۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر نے طوفان کے بعد متاثرہ علاقوں میں بجلی کی بحالی کیلئے فیسکو سٹاف کی کاوشوں کو سراہا اور انہیں شاباش دی اور اس عزم کا اظہار کیا کہ فیسکو مستقبل میں بھی صارفین کی خدمت میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھے گا۔



فیسکو ریجن میں شدید طوفان بادوباراں کے بعد مختلف علاقوں میں پول، تاریں اور ٹرانسفارمرز مین پر گرے ہوئے ہیں

## فیسکو موجودہ ہیٹ ویو کے پیش نظر صارفین کو 24 گھنٹے بجلی کی سپلائی کو یقینی بنانے کیلئے کوشاں ہے

## چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر بذات خود ہمہ وقت تمام فیڈرز پر بجلی کی ترسیل کو مانیٹر کر رہے ہیں

## فیسکو ریجن کے آٹھ اضلاع میں صارفین کی انفرادی شکایات کے فوری ازالہ کیلئے اضافی سٹاف تعینات

## کمپلینٹ سنٹرز پر عملہ چوبیس گھنٹے صارفین کی شکایات کے اندراج کیلئے موجود، صارفین کی تمام کالز کو اٹینڈ کیا جا رہا ہے

## صارفین کی آگاہی کیلئے فیڈرز میں خرابی/فالٹ سے متعلق ڈیٹا سوشل میڈیا اکاؤنٹس، الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا پر شیئر کیا جا رہا ہے

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) موجودہ ہیٹ ویو کے پیش نظر صارفین کو 24 گھنٹے بجلی کی سپلائی کو یقینی بنانے کیلئے کوشاں ہے۔فیسکو ریجن کے آٹھ اضلاع میں صارفین کی انفرادی شکایات کے فوری ازالہ کیلئے اضافی سٹاف تعینات کیا گیا ہے تاکہ ان کو فوری ریسپانس کیا جا سکے اور انہیں سخت گرمی میں مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔وزارت توانائی (پاور ڈویژن) کی ہدایات پر فیسکو اپنے صارفین کی آسانی کے لیے ہر تین گھنٹے بعد چھ آپریشن سرکلز فیصل آباد فرسٹ، سیکنڈ، جھنگ، سرگودھا، میانوالی اور ٹوبہ ٹیک سنگھ کے فیڈرز سے متعلق ڈیٹا اپنے آفیشل سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر اپ ڈیٹ کر رہا ہے جبکہ صارفین کی آگاہی کیلئے یہ ڈیٹا الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا پر بھی جاری کیا جا رہا ہے۔جس میں مختلف گرڈ سٹیشنز سے نکلنے والے فیڈرز پر فالٹ کی وجوہات اور دورانیہ صارفین کے ساتھ شیئر کیا جا رہا ہے۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر بذات خود ہمہ وقت تمام فیڈرز پر بجلی کی ترسیل کو مانیٹر کر رہے ہیں اور کسی بھی مسئلہ کی صورت میں افسران و سٹاف کو ہدایات جاری کر رہے ہیں۔ کسی بھی ناگہانی صورتحال میں کم سے کم وقت میں بجلی کی سپلائی بحال کرنے کیلئے فیسکو سٹورز میں ٹرانسفارمرز اور ان کے متعلقہ آلات وافر مقدار میں موجود ہیں۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی واضح ہدایات کے مطابق تمام کمپلینٹ سنٹرز پر عملہ چوبیس گھنٹے صارفین کی شکایات کے اندراج کیلئے موجود ہے اور صارفین کی طرف سے موصول ہونے والی تمام کالز کو اٹینڈ کیا جا رہا ہے۔ چیف انجینئر آپریشن فیسکو ہر وقت سپلائی کی بحالی کے لیے اپنے تمام سٹاف، آفیسرز اور آفیشلز کے ساتھ رابطے میں ہیں اور ایمرجنسی گاڑیوں کا خصوصی طور پر انتظام کر کے فیلڈ سٹاف کو ضروری ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔

## فیسکو ریجن کے آٹھ اضلاع میں 53 لاکھ صارفین کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے

وزارت توانائی (پاور ڈویژن) کی ہدایات پر فیسکو ریجن میں کہیں بھی لوڈ مینجمنٹ نہیں کی جا رہی۔فیسکو کو ملنے والے بجلی کوٹہ اور ریجن کی طلب میں توازن ہونے کے باعث فیسکو ریجن کے آٹھ اضلاع میں 53 لاکھ صارفین کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے۔فیسکو کے تمام 1306 فیڈرز اے کیٹگری میں شامل ہونے کے باعث کسی قسم کی لوڈشیڈنگ نہیں کی جا رہی۔فیسکو ریجن کے چھ آپریشن سرکلز فیصل آباد فرسٹ، سیکنڈ، جھنگ، میانوالی، سرگودھا اور ٹوبہ میں روزانہ کی بنیاد پر تقریباً 4 سے 7 فیڈرز پر ایک سے تین گھنٹوں کیلئے بجلی کی سپلائی تکنیکی وجوہات کی بناء پر متاثر ہوتی ہے۔جس کیلئے فیسکو کا فیلڈ سٹاف 24 گھنٹے متحرک ہے اور فوری ایکشن لیتے ہوئے فالٹ کلئیرنس کے بعد مذکورہ فیڈرز سے بجلی کی فراہمی بحال کر دی جاتی ہے۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی ہدایات پر حالیہ ہیٹ ویو اور موسمی حالات کے پیش نظر فیسکو ریجن میں تمام مینٹی نینس اور شٹ ڈاؤنز کے پرمٹ بھی کینسل کر دیئے گئے ہیں تاکہ سخت گرمی میں صارفین کو زیادہ دیر تک بجلی کی بندش کا سامنا نہ کرنا پڑے۔علاوہ ازیں فیسکو کی موبائل ایپلیکیشن فیسکو لائیٹ، ہیلپ لائن 118 پر اور 8118 پر موصول ہونے والی صارفین کی انفرادی شکایات کو بھی فوری اٹینڈ کر کے ترجیحی بنیادوں پر ازالہ کیا جا رہا ہے۔

## فیسکو شعبہ کنسٹرکشن نے ریجن بھر میں 308.407 ملین سے زائد کی لاگت سے مختلف منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچایا

## ماہ اپریل میں 139 ملین سے زائد کی لاگت سے 74 دیہات میں بجلی کی فراہمی عمل میں لائی گئی

## 87.209 ملین کی لاگت سے 2 ایچ ٹی اور 81.257 ملین کی لاگت سے 61 ایل ٹی پر پوزلز مکمل کی گئیں

فیسکو شعبہ کنسٹرکشن کی طرف سے ماہ اپریل میں ریجن بھر میں 308.407 ملین سے زائد کی لاگت سے مختلف منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچایا گیا۔ ماہ اپریل میں 139 ملین سے زائد کی لاگت سے 74 دیہات میں بجلی کی فراہمی عمل میں لائی گئی جبکہ 87.209 ملین کی لاگت سے 2 ایچ ٹی اور 81.257 ملین کی لاگت سے 61 ایل ٹی پر پوزلز مکمل کی گئیں۔ فیسکو کنسٹرکشن ڈائریکٹوریٹ نے ماہ اپریل میں فیصل آباد، جھنگ، سرگودھا اور میانوالی سرکلز کے آٹھ اضلاع فیصل آباد، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، چنیوٹ، میانوالی، سرگودھا، بھکر اور خوشاب میں 74 نئے دیہات روشن کرنے کے علاوہ 61 ایل ٹی پروپوزلز اور 2 فیڈروں کی تکمیل کر لی ہے جن پر 308.407 ملین روپے لاگت آئی ہے۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی ہدایت پر پی ڈی کنسٹرکشن محمد اقبال جاوید کی زیرنگرانی 22.839 ملین کی لاگت سے فیصل آباد میں 20 ایل ٹی پروپوزلز، 28.009 ملین کی لاگت سے جھنگ میں 21، 12.641 ملین کی لاگت سے سرگودھا میں 10 جبکہ 17.768 ملین کی لاگت سے میانوالی میں 10 ایل ٹی پروپوزلز کو مکمل کیا۔ اسی طرح 49.754 ملین کی لاگت سے فیصل آباد میں 26 نئے دیہات، 30.280 ملین کی لاگت سے جھنگ میں 15، 26.485 ملین روپے کی لاگت سے سرگودھا میں 14 جبکہ 33.341 ملین روپے کی لاگت سے میانوالی میں 19 نئے دیہات روشن کئے گئے۔ اسی طرح فیصل آباد میں 44.571 ملین روپے کی لاگت سے ایک اور سرگودھا میں 42.638 ملین کی لاگت سے ایک ایچ ٹی پروپوزلز مکمل کر لی گئی۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر نے شعبہ کنسٹرکشن کی کارکردگی کو سراہا ہے اور انہیں ہدایت کی ہے کہ وہ مزید جاری سکیموں کو بھی اسی جذبہ سے پایہ تکمیل تک پہنچائیں تاکہ ریجن بھر کے صارفین کو زیادہ سے زیادہ ریلیف ملے گا۔

## شوکاز نوٹس برائے کارروائی

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) طارق آباد سب ڈویژن فیسکو سرگودھا کے **TCC** قمر شہزاد ولد ریاض حسین آپ مورخہ 01-02-2024 سے مسلسل دانستہ طور پر تاحال اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں۔ آپ کو لیٹر نمبر 86-185 بتاریخ 02-02-2024، لیٹر نمبر 22-221 بتاریخ 12-02-2024 اور لیٹر نمبر 08-407 بتاریخ 13-03-2024 کے تحت اپنی ڈیوٹی پر واپس آنے کا کہا گیا لیکن آپ نے ان کا کوئی جواب نہ دیا اور نہ ہی اپنی ڈیوٹی پر حاضر ہوئے۔ بعدازاں آپ کو وضاحتی نوٹس نمبر 130 بتاریخ 04-04-2024 بھی جاری کیا گیا لیکن آپ نے اس کا بھی کوئی جواب نہیں دیا۔ اس کے بعد آپ کو لیٹر نمبر 82-981 بتاریخ 30-05-2024 کے تحت ذاتی شنوائی کیلئے بلایا گیا لیکن آپ پھر بھی حاضر نہ ہوئے۔ لہٰذا آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اس نوٹس کی اشاعت/وصولی کے سات یوم کے اندر اندر اظہار وجوہ کریں کہ اس بے ضابطگی اور بے اطواری کی بناء پر واپڈا ایفی شینسی اینڈ ڈسپلن رولز مجریہ 1978ء کی متعلقہ دفعات کے تحت آپ کے خلاف کارروائی عمل میں کیوں نہ لائی جائے۔ آپ اپنے دفاعی جواب میں یہ بھی لکھیں کہ آپ ذاتی طور پر پیش ہو کر کچھ کہنا چاہتے ہیں۔ عدم تعمیل کی صورت میں یہ سمجھ لیا جائے گا کہ آپ جان بوجھ کر اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں اور آپ کے پاس اپنے دفاع میں کہنے کیلئے کچھ نہیں لہٰذا آپ کے خلاف ضابطے کی کارروائی یک طرفہ طور پر عمل میں لائی جائے گی۔

منجانب: ایگزیکٹو انجینئر (آپریشن) فیسکو فرسٹ ڈویژن سرگودھا

## سپرنٹنڈنٹ (ایڈمن) ملک سرفراز احمد کا اعزاز



فیسکو عبداللہ پور ڈویژن فیصل آباد کے سپرنٹنڈنٹ (ایڈمن) ملک سرفراز احمد نے 70 ویں ایلیمنٹری مینجمنٹ کورس (EMC) میں تیسری پوزیشن حاصل کر لی۔ مذکورہ کورس واپڈا انجینئرنگ اکیڈمی فیصل آباد میں 15-04-2024 تا 10-05-2024 تک جاری رہا جس میں پاکستان کی ڈسٹری بیوشن کمپنیوں اور واپڈا کے مختلف دفاتر سے منسلک 26 ملازمین نے شرکت کی۔ ملک سرفراز احمد کی اس کامیابی پر ان کے افسران اور ساتھیوں نے انہیں دلی مبارکباد دی ہے۔

جی ایم ٹریننگ واپڈا علی انور بریرو 70 ویں EMC میں تیسری پوزیشن حاصل کرنے پر سپرنٹنڈنٹ (ایڈمن) فیسکو ملک سرفراز احمد کو شیلڈ اور سرٹیفکیٹ دے رہے ہیں

## شوکاز نوٹس برائے کارروائی

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) عیسیٰ خیل سب ڈویژن فیسکو کے ایس ڈی او (آپریشن) کرن کمار آپ مورخہ 10-12-2023 سے مسلسل دانستہ طور پر تا حال اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں۔ آپ کو وضاحتی نوٹس نمبر 212/C-300072 بتاریخ 25-01-2024 جاری کیا گیا لیکن آپ نے اس کا کوئی جواب نہ دیا۔ بعدازاں آپ کو شوکاز نوٹس نمبر 1182/C-300072 بتاریخ 31-05-2024 بھی جاری کیا گیا لیکن آپ نے اس کا بھی کوئی جواب نہ دیا۔ اس کے بعد آپ کو مورخہ 16-05-2024 کو ذاتی شنوائی کیلئے بلایا گیا لیکن آپ پھر بھی حاضر نہ ہوئے۔ لہٰذا آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اس نوٹس کی اشاعت /وصولی کے سات یوم کے اندر اندر اظہار وجوہ کریں کہ اس بے ضابطگی اور بے اطواری کی بناء پر واپڈا ایفی شینسی اینڈ ڈسپلن رولز مجریہ 1978ء کی متعلقہ دفعات کے تحت آپ کے خلاف کارروائی عمل میں کیوں نہ لائی جائے۔ آپ اپنے دفاعی جواب میں یہ بھی لکھیں کہ آپ ذاتی طور پر پیش ہو کر کچھ کہنا چاہتے ہیں۔ عدم تعمیل کی صورت میں یہ سمجھ لیا جائے گا کہ آپ جان بوجھ کر اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں اور آپ کے پاس اپنے دفاع میں کہنے کیلئے کچھ نہیں لہٰذا آپ کے خلاف ضابطے کی کارروائی یک طرفہ طور پر عمل میں لائی جائے گی۔

منجانب: اسسٹنٹ ڈائریکٹر (کانفیڈینشل) فیسکو فیصل آباد

## شوکاز نوٹس برائے کارروائی

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) ایس ایس اینڈ ٹی ڈویژن نمبر 1 فیسکو فیصل آباد کے نائب قاصد محمد انور ولد غلام سرور آپ مورخہ 15-01-2024 سے مسلسل دانستہ طور پر تا حال اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں۔ آپ کو وضاحتی نوٹس نمبر 04-3902 بتاریخ 26-01-2024 جاری کیا گیا لیکن آپ نے اس کا کوئی جواب نہیں دیا۔ بعدازاں آپ کو شوکاز نوٹس نمبر 94-6193 بتاریخ 06-05-2024 جاری کیا گیا لیکن آپ نے اس کا بھی کوئی جواب نہ دیا اور نہ ہی اپنی ڈیوٹی پر حاضر ہوئے۔ بعدازاں آپ کو لیٹر نمبر 247 بتاریخ 21-03-2024 اور لیٹر نمبر 4604 بتاریخ 19-03-2024 کے تحت ذاتی شنوائی کیلئے بلایا گیا لیکن آپ پھر بھی حاضر نہ ہوئے۔ لہٰذا آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اس نوٹس کی اشاعت /وصولی کے سات یوم کے اندر اندر اظہار وجوہ کریں کہ اس بے ضابطگی اور بے اطواری کی بناء پر واپڈا ایفی شینسی اینڈ ڈسپلن رولز مجریہ 1978ء کی متعلقہ دفعات کے تحت آپ کے خلاف کارروائی عمل میں کیوں نہ لائی جائے۔ آپ اپنے دفاعی جواب میں یہ بھی لکھیں کہ آپ ذاتی طور پر پیش ہو کر کچھ کہنا چاہتے ہیں۔ عدم تعمیل کی صورت میں یہ سمجھ لیا جائے گا کہ آپ جان بوجھ کر اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں اور آپ کے پاس اپنے دفاع میں کہنے کیلئے کچھ نہیں لہٰذا آپ کے خلاف ضابطے کی کارروائی یک طرفہ طور پر عمل میں لائی جائے گی۔

منجانب: ایگزیکٹو انجینئر ایس ایس اینڈ ٹی ڈویژن نمبر 1 فیسکو فیصل آباد

# میسر رہے روشنی ہر پل
# لازم ہے بروقت ادائیگی بِل

## فیسکو صارفین اپنے ذمہ واجب الادا بجلی کا بل فوری جمع کروائیں
## اپنا اخلاقی و قومی فریضہ نبھانے کے ساتھ ساتھ خود کو کسی بھی قسم کی پریشانی سے بچائیں




**یاد رکھیں!**

واجب الادا بل جمع نہ کروانے کی صورت میں آپ کو کنکشن منقطع ہونے کی پریشانی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے

مزید معلومات کیلئے **118** پر کال

یا فیسکو کی ویب سائیٹ www.fesco.com.pk وزٹ کریں

## فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو)

ویسٹ کینال روڈ، فیصل آباد | www.fesco.com.pk | ٹول فری نمبر 0800-66554,118